© rasailojaraid.com

کی جامع مسجد میں خطبہ وخطباتِ جمعہ بھی ارشاد فرماتے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب ''انوارِ حق'' 35 خطبات جمعہ کا حسین مجموعہ ہے جو بلاشبہ بہت مفید و مؤثر ہیں۔ متین و سلیس، عام فہم اندازِ بیان، مہذب و شائستہ اسلوبِ تذکیر و دعوت کی حقیقت نمایاں ہے۔ اس مجموعے کا مطالعہ جہاں عامۃ الناس کے لیے مفید ہے وہیں جمعہ کا بیان کرنے والے خطباء حضرات کے لیے بھی تحفہ سے کم نہیں۔

## فقہ الاطفال (اول و دوم)

**تالیف: مولانا ڈاکٹر محمد حبیب اللہ قاضی**

**صفحات: (جلد اول: 72، جلد دوم: 362) / طباعت: مناسب / قیمت: جلد اول: 60، جلد دوم 320 روپے۔**

**ملنے کا پتا: ادارۃ التحقیق والتصنیف، جامع مسجد مکی گلی بہار نمبر 4 پشاور۔ موبائل: 5985613 0300**

جس طرح بچوں کا ادب (کہانی، قصص، ناول، منظومات وغیرہ) لکھنے میں خاص ملکہ چاہیے اسی طرح بچوں کے لیے نصابی کتب تیار کرنے میں بھی بچوں کی نفسیات کا لحاظ ضروری ہے، تاکہ جو بات ان ننھے منے بچوں تک پہنچانا مقصود ہے اس کی ترسیل میں آسانی ہو۔ فی زمانہ اس سلسلے میں کافی کام ہو رہا ہے۔ اہل فکر اپنی اپنی جگہ کام کر رہے ہیں۔ مولانا ڈاکٹر محمد حبیب اللہ قاضی صاحب دام ظلہم نے بھی اس باب میں نہایت وقیع کام انجام دیا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب ''فقہ الاطفال'' بچوں میں مبادیات دین کو راسخ کرنے کی اچھی کاوش ہے۔ یہ کتاب دو جلدوں میں ہے۔ پہلی جلد مختصر اور کتابچے کی شکل میں ہے، جو قاعدہ اور ناظرہ کے بچوں کی ذہنی سطح کو ملحوظ رکھتے ہوئے تیار کی گئی ہے۔ اس میں عقائد وایمانیات اور اعمال سہل اور مختصر طور پر سمجھا دیے گئے ہیں۔ انہیں بچوں کو مناسب انداز میں زبانی یاد کرایا جا سکتا ہے۔ دوسری جلد جس کے پانچ حصے ہیں انہی مبادیات کو تفصیل اور تمثیل کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ استاذ شاگرد، دو دوستوں، دو سہیلیوں کو فرض کر کے مکالمہ کرایا گیا ہے، جس سے کتاب دلچسپ ہوگئی ہے۔ پہلی جلد ناظرہ کے بچوں کے لیے اور دوسری جلد درجہ حفظ میں پڑھنے والے بچوں کے لیے بہترین مواد رکھتی ہے۔

'فقہ الاطفال' (جلد دوم) کے آغاز میں حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب رحمہ اللہ اور حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہم کی تقریظات شامل ہیں۔ کتاب کے نک سک میں بہتری کی کافی گنجائش ہے، اسے اتنا جاذب نظر بنانا چاہیے کہ بچے کتاب پڑھتے ہوئے فرحت محسوس کریں۔ ☆☆☆

☆☆☆



© rasailojaraid.com